© rasailojaraid.com



عراقی صاحب نے کتاب کا مقدمہ بھی خود لکھا ہے اور اس میں عرب قبائل، مشاہیر قریش، واقعہ فیل، خانہ کعبہ کی مرمت، قریش کی سیاسی خودمختاری، قریش کی تہذیب وتمدن، عدالتی نظام اور بہت سی باتوں کو بیان کر دیا ہے۔ بہر حال یہ کتاب بہت سی خوبیوں سے آراستہ ہے۔ حب صحابہ سے سرشار قارئین اور مسلمانوں کے لیے بہترین اور نادر تحفہ ہے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

نام کتاب: اذکارِ نافعہ

مصنف: ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب

صفحات: 176 قیمت: 130 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔ فون 042-7351124

ہم اپنے اردگرد کے ماحول کو دیکھیں تو بہت سے لوگ پریشان حال نظر آئیں گے، بلکہ ہر کوئی کسی نہ کسی مصیبت میں مبتلا، بے چین اور عدم اطمینان کا شکار نظر آتا ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ اللہ کے ذکر سے روگردانی ہے۔ کیونکہ ارشادِ ربانی ہے: ﴿الا بذکر اللہ تطمئن القلوب﴾ ''اللہ تعالیٰ کی یاد سے ہی دلوں کو اطمینان ملتا ہے۔'' (سورۃ الرعد)

لہٰذا اس فرمانِ ربانی کو ملحوظ رکھ کر ہمیں اللہ تعالیٰ کے ذکر کو اپنی زندگی کا لاحقہ بنانا چاہیے۔ اس سے جہاں سکون قلب حاصل ہوگا، وہیں دنیوی واُخروی زندگی بھی سنور جائے گی اور تقویٰ وصالحیت کی فضا قائم ہوگی۔

''اذکارِ نافعہ'' محترم ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب کی نہایت عمدہ کتاب ہے، جسے انہوں نے مسلمانوں کی حالتِ زار دیکھتے ہوئے مرتب کیا ہے۔ دعاؤں کا یہ مستند مجموعہ ہے۔ اس میں فضائل ذکر، قرآن کریم اور بعض سورتوں اور آیات کے فضائل، فضائل اذان، اذان سے متعلقہ اذکار، وضو کے بعد کی دعائیں، نماز کی دعائیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنے کے فضائل، استغفار کے فضائل، صبح وشام کے اذکار، مرادیں پوری کروانے والے آٹھ اذکار اور متفرق اذکار کے فضائل کو قرآن وحدیث سے اخذ کر کے وضاحت سے بیان کیا ہے۔ یہ کتاب ہر گھر کی ضرورت ہے اور اسے ہر مسلمان بھائی کو پڑھنا اور اپنے پاس رکھنا چاہیے۔ کتاب ہر اعتبار سے عمدہ اور خوبصورت طبع کی گئی ہے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆



© rasailojaraid.com